نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

23فروری 2010ء

برائے فوری اجراء

163/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ اور حکومت پنجاب کے باہمی اشتراک سے پولیس اور وکلائے استغاثہ کے مابین تعاون

لاہور(23فروری2010ء)___ وکلائے استغاثہ اور پولیس افسران جرائم کا قلع قمع کرنے کے لئے تعاون بڑھانے کی افادیت کے بارے میں دوروزہ ورکشاپ میں شرکت کرنے کی غرض سے لاہور میں اکٹھے ہوئے۔ اِس ورکشاپ کا انعقاد پنجاب پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ اور امریکی محکمہ انصاف کے تعاون سے کیا گیا تھا۔

امریکی قونصل جنرل کارمیلا کانرائے نے اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم پنجاب پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ اور پولیس کی طرف سے پنجاب کے عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے اُن کی مسلسل کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔

کورس کے شرکاء نے شواہد کو جمع کرنے اور کیس کی مکمل فائل تیار کرنے ایسی سرگرمیوں کے بارے میں مل جل کر کام کیا اور انہیں مزید مؤثر بنانے کے لئے باہمی تعاون پر مبنی طریقوں کا اطلاق کیا۔

ورکشاپ میں شرکت کرنے والی امریکی ٹیم میں وسکانسن کے فیڈرل پراسیکیوٹر جان واڈریل بھی شامل تھے۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3